لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں

ABC CERTIFIED

عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز

تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان

DAILY AWAMI MOHABBAT

روزنامہ

عوامی محبت

قصور، پاکستان

چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر

سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس

جلد نمبر 20 | بدھ 7 جمادی الثانی، 1448ھ 18 نومبر 2026ء 5 مگھر 2080ب | شمارہ نمبر 142

فیلڈ مارشل سے ایرانی وزیر خارجہ کمانڈر ترک فضائیہ کی ملاقا

آئی ایس پی آر کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے راولپنڈی میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی جس میں علاقائی سلامتی کی صورت حال پر غور کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے راولپنڈی میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا، اس ملاقات میں مشترکہ سکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مختلف طریقہ کار پر غور کیا گیا۔ فیلڈ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

مریم نواز کو اعتماد کا ووٹ لینا پڑا تو پہلے سے 4 ووٹ زیادہ ملیں گے، رانا سکندر حیات

ملک احمد خان کو وزیر اعلیٰ بننے کا کوئی اشارہ نہیں ملا اور نہ ہی ان کی وزیر اعلیٰ بننے کی کوئی خواہش ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ مریم نواز کو اعتماد کا ووٹ لینا پڑا تو انہیں زیادہ سے 4 ووٹ ملیں گے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 2)

پارٹی ایک دوسرے سے دست و گریباں ہے، یہ عمران کو کیا چھڑائیں گے، خواجہ آصف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پی ٹی آئی رہنماں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ساری پارٹی ایک دوسرے سے دست و گریباں ہے یہ پی ٹی آئی کو کیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 3)

پاکستان اور ترکمانستان کی وزارت خارجہ کے درمیان تعاون کے پروگرام پر دستخط

وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ نے پروٹوکول اور دونوں ممالک کی وزارت خارجہ کے درمیان 2026ء سے 2030ء تک تعاون کے پروگرام پر دستخط کر دیئے۔

دفتر خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ پاکستان کی وزارت بین الصوبائی رابطہ اور ترکمانستان کی وزارت ثقافت کے درمیان سیاحت کے شعبے میں تعاون سے متعلق ایم او یو پر دستخط کئے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ترکمانستان کے وزیر خارجہ نے پروٹوکول اور دونوں ممالک کی وزارت خارجہ کے درمیان 2026ء سے 2030ء تک تعاون کے پروگرام پر دستخط کر دیئے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے بتایا کہ پاکستان کی وزارت بین الصوبائی رابطہ اور ترکمانستان کی وزارت ثقافت کے درمیان سیاحت کے شعبے میں تعاون سے متعلق ایم او یو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 4)

انتقامی کارروائیاں بند، سیاسی قیدیوں کو رہا کرنا پڑے گا، بلاول بھٹو

سسٹم کو سیاسی ری سیٹ کی ضرورت، انتقامی کارروائیاں بند، قیدی آزاد کرنا پڑیں گے: بلاول بھٹو

پی ٹی آئی اور مولانا فضل الرحمان سے بات چیت کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سیاسی اختلافات کا جواب گولی، بندوق یا دھمکیوں سے نہیں دینا چاہیے۔

کراچی: (ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ملک کے سیاسی نظام کو دوبارہ فعال بنانے کے لیے سیاسی ری سیٹ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کو اپوزیشن کا اتحاد بحال اور سیاسی قیدیوں کو رہا کرنا ہوگا۔ کراچی پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ نظام کو غیر سیاسی نہیں بلکہ سیاسی طریقے سے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 5)

وقت حکومت کے مزے لینا اور اپوزیشن کرنا دہرا معیار ہے

عطا تارڑ کا بلاول بھٹو کو جواب

نئے صوبوں پر خون بہانے کی بات کیا سیاسی بصیرت ہے؟ صوبوں کے معاملے پر خون بہانے کی بات کرنا درست نہیں، صوبوں کی مرضی جانے بغیر ہم اپنا بجٹ اسمبلی نہیں کر سکتے

ریفرنڈم کرانے میں کیا حرج ہے؟ سندھ میں صحافیوں کا استحصال ہوا، نوٹس لینا چاہیے، ہم جرنلسٹ پروٹیکشن سے متعلق کردار ادا کر رہے ہیں، کرتے رہیں گے، وزیر اطلاعات



لاہور: صوبائی وزیر ہیومین رائٹس کابینہ کمیٹی برائے امن و امان، پنجاب خواجہ سلمان رفیق، صوبائی وزیر کوآپریٹو بلال یاسین، صوبائی وزیر سید عاشق حسین کرمانی اور معاون خصوصی رانا بلال محمد اظہر میں ایس ای ایل او کے 62ویں اجلاس میں شریک ہیں۔

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر عطا تارڑ نے چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی پریس کانفرنس پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ ایک وقت حکومت کے مزے لینا اور اپوزیشن کرنا دہرا معیار ہے، صوبوں پر بحث جاری ہے، کیا لوگوں کا مینڈیٹ دیا جائے تفصیلات کے مطابق عطا تارڑ نے کہا کہ کیا لوگوں کو گورننس میں بہتری کی بات سے روک دیا جائے، پاکستان اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 12)

نئے صوبے بنانے کی ہر کوشش کا خیر مقدم کریں گے، خرم نواز گنڈاپور

''ظل سبحانی'' سوچ والے راہنماؤں سے نجات کے لئے نئے صوبے ضروری ہیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی تحریک کے سیکرٹری جنرل خرم نواز گنڈاپور نے کہا ہے کہ نئے صوبے بنانے کی ہر کوشش کا خیر مقدم کریں گے۔ ''ظل سبحانی'' سوچ والے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 13)



لاہور: صوبائی وزیر قانون پنجاب رانا محمد اقبال خان کو پولیس شہداء بیجنگ بارے بریفنگ دے رہی ہے۔

چھوٹے انتظامی یونٹس کے حمایتی کام آئینی فریم ورک میں ہونا چاہئے، حافظ نعیم

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی چھوٹے انتظامی یونٹس کے حق میں ہے، صوبوں کی تشکیل آئینی فریم ورک میں ہونی چاہیے۔ لاہور میں



لاہور: (بائیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی چھوٹے انتظامی یونٹس کے حق میں ہے، صوبوں کی تشکیل آئینی فریم ورک میں ہونی چاہیے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ اگر آئین ریفرنڈم کی اجازت دیتا ہے تو کروا لینے میں حرج نہیں، حکومت فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے، حکومت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 14)

ایشیائی ترقیاتی بینک کی پاکستان کے لیے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری

پاکستان کے سالانہ وفاقی پنشن اخراجات ایک ہزار ارب روپے سے تجاوز کر چکے ہیں، جبکہ 2016ء سے اب تک پنشن اخراجات میں تقریباً پانچ گنا اضافہ ہوا ہے۔

اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ پاکستان نے پنشن نظام کو مضبوط اور پائیدار بنانے کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں، چھوٹ اصلاحات کے ذریعے وفاقی پنشن نظام کی مالیاتی پائیداری بہتر بنانے پر توجہ دی جائے گی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کے لیے 50 کروڑ ڈالر قرض کی منظوری دے دی ہے، قرض کی رقم وفاقی سول پنشن نظام میں اصلاحات کے لیے استعمال کی جائے گی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کے اعلامیے کے مطابق پاکستان کے سالانہ وفاقی پنشن اخراجات ایک ہزار ارب روپے سے تجاوز کر چکے ہیں، جبکہ 2016ء سے اب تک پنشن (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 15)



لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں۔

وراثت کے انتقال کی درخگی کسی کو اس کے شرعی حصے سے محروم نہیں کر سکتیں، آئینی عدالت

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی آئینی عدالت نے وراثت سے متعلق فیصلہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وراثت کے انتقال کی درخگی کسی کو اس کے شرعی حصے سے محروم نہیں کر سکتیں، جائیداد تقسیم میں مرد حقدار نہ ہو تو قریبی رشتہ دار (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 16)

دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور تیسرے نمبر پر آ گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں لاہور تیسرے نمبر پر آ گیا، شہر کا مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس 219 ریکارڈ کیا گیا، مختلف علاقوں میں فضائی آلودگی کی شرح بھی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 17)

وزیر بلدیات کی زیر صدارت اجلاس، ستھرا پنجاب ایجنسیز کی کارکردگی

وزیر اعلیٰ کی حالیہ ہدایات پر مملکہ آمد، انسداد سموگ اقدامات کا جائزہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات ڈیشان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلاس کے دوران ستھرا پنجاب کی ضلعی ایجنسیز کی کارکردگی، وزیر اعلیٰ کی طرف سے جاری کردہ حالیہ ہدایات پر مملکہ آمد، انسداد سموگ اقدامات اور خالی پلاٹوں میں گندگی پھینکنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 25)

چیئرمین سی ڈی اے کا ممبر انوائرنمنٹ کے ہمراہ بابر پارک کا دورہ

شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کیلئے پارک میں اعلیٰ معیار کے جوگنگ ٹریکس کی تعمیر کی جا رہی ہیں، رہنمائی

برقت تکمیل کے بعد بابر پارک کا شمار وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے پرسکون اور نمایاں تفریحی مقامات میں شمار ہوگا، جمیل اشرف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) وجیہ کشور اسلام آباد جمیل اشرف نے ممبر انوائرنمنٹ عبدالظہ غرم نیازی اور دیگر



لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال پیرا ڈیجیٹل اراضیوں سے متعلقہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مریم نواز کا اپنا گاؤں پروگرام شروع کرنے کا فیصلہ

اپنا گاؤں پروگرام کے تحت دیہات میں پکی گلیاں تعمیر کی جائیں گی، ڈرینج سسٹم بنایا جائے گا اور گندے پانی کے نکاس کے لیے جوہڑ تعمیر کیے جائیں گے

جبکہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے دیہات میں سولر اسٹریٹ لائٹس لگانے کا بھی حکم دیا ہے

لاہور (بائیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے کے دیہات کی ترقی اور دیہی آبادی کا معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے ''وزیر اعلیٰ پنجاب اپنا گاؤں پروگرام'' شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت پنجاب کے دیہات میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں پر مملکہ آمد گاؤں کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 18)

پنجاب ریونیو اتھارٹی کا انامی اسکیم سے قبل ہوٹلز، ریسٹورنٹس کی کڑی نگرانی کا فیصلہ

نئی رسیدیں جاری کرنے اور ڈیجیٹل ادائیگیوں سے انکار کرنے والے کاروباروں کے خلاف کارروائی ہوگی، معظم اقبال پیرا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے انامی اسکیم کے آغاز سے قبل ہوٹلوں اور ریسٹورنٹس کے خلیے کی کڑی نگرانی کا فیصلہ کیا ہے جس کے تحت ڈیجیٹل ادائیگیوں سے انکار، پرانے ٹیکس مشینوں سے رول پول اور دستی رسیدیں جاری کرنے والے کاروباروں کی نشاندہی کر کے ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ اس سلسلے میں چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال پیرا کی زیر صدارت گلبرگ اسمارٹ کے خلیے کی کڑی نگرانی کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے تحت اجلاس منعقد ہوا، اس میں انفورسمنٹ ونگ کو ہوٹلز اور ریسٹورنٹس میں الیکٹرانک اور انگ مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ اور سوشو اقتصادی ڈیٹا کی دستیابی کو یقینی بنانے کے حوالے سے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ شرکا کو بریفنگ دی گئی۔ ترجمان کے مطابق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 20)

شیخوپورہ پولیس نے 19 سالہ مغویہ فائزہ کو بحفاظت بازیاب کرا لیا، ملزم گرفتار

شیخوپورہ (سٹاف رپورٹر) تھانہ کوٹ عبدالمالک پولیس نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے 19 سالہ مغویہ فائزہ کو بحفاظت بازیاب کرا لیا اور اغوا میں ملوث ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ کوٹ عبدالمالک رانا شہزاد احمد نے اپنی ٹیم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 19)

ایچی سن کالج لاہور کے بورڈ آف گورنرز کی تشکیل نو

24 رکنی بورڈ آف گورنرز کی تشکیل تین سال کے لیے کی گئی، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے ایچی سن کالج لاہور کے بورڈ آف گورنرز کی تشکیل نو کر دی، جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق بورڈ آف گورنرز کے ارکان کے تقرر کی تین سال کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 23)

وزیر اعظم کے ایس ایم ای سیکٹر کے فروغ کے اقدامات قابل تحسین ہیں، چوہدری خادم حسین

ایس ایم ایز کی ویلیو ایڈیشن پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے، نائب صدر لاہور چیمبر

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر چوہدری خادم حسین نے وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، برآمدات میں اضافے اور کاروباری سہولیات کی فراہمی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں عملی معیشت کے استحکام کی جانب اہم پیشرفت قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 22)

عمران خان صوبوں کو چھوٹے انتظامی یونٹس میں تقسیم کرنے کے حامی ہیں، سلمان اکرم راجا

پی ٹی آئی تک ہم سے کور سائی دی جائے تو ہم بات کو کہیں آگے بڑھ سکتے ہیں، جی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجا نے کہا کہ پی ٹی آئی ہمیشہ کہتی رہی ہے کہ صوبوں کو چھوٹا ہونا چاہیے اور انتظامی یونٹس ہونے چاہئیں۔ جی ٹی وی سے بات کرتے ہوئے سلمان اکرم راجا نے کہا کہ پی ٹی آئی سے براہ راست (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 21)



لاہور: صوبائی وزیر بلدیات پنجاب وائس چیئرمین رفیق ستھرا پنجاب ایجنسیز کے بریفنگ ڈائریکٹرز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

AM FUTURE CONSULTANCY
Your trust, our service
آپ کا اعتماد، ہماری خدمت
NGO Non-Governmental Organization غیر سرکاری تنظیم
NPO Non-Profit Organization غیر منافع بخش تنظیم
Ministry Government Registration سرکاری رجسٹریشن
Company SECP / Pvt. Ltd. کمپنی رجسٹریشن
Firm Registration Partnership / Sole Proprietorship فرم رجسٹریشن / انفرادی حیثیت
Website Development ویب سائٹ کی تیاری
Tax Return Filing ٹیکس ریٹرن فائلنگ
Become a Filer فائلر بنیں
Bank Account Opening Assistance بینک اکاؤنٹ کھلوانے میں معاونت
EAD Services EAD سروسز
Business Promotional Video Creation کاروبار کی تشہیری ویڈیو بنوائیں
Service First خدمت اولین ترجیح
Fair Fee مناسب فیس
Legal Compliance قانونی تقاضوں کی پابندی
Fast Process تیز عمل
آج ہی رابطہ کریں Contact Us Today
0322-8077033 | 0337-3337158
Hamza Town, Ferozepur Road, Lahore
حمزہ ٹاؤن، فیروز پور روڈ، لاہور

سٹی نیوز



گورنمنٹ ہائی سکول رندھاوا نے گورنمنٹ ہائی سکول کالا گھمیاں کو سیمی فائنل میں شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا

سیالکوٹ (بیورو چیف آصف ناظر) ضلعی سطح کی شوٹنگ بال کے مقابلوں میں گورنمنٹ ہائی سکول رندھاوا نے گورنمنٹ ہائی سکول کالا گھمیاں کو سیمی فائنل میں شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا ہے۔ فائنل 19 نومبر کو گورنمنٹ ہائی سکول کالا گھمیاں میں کھیلا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی سطح کے شوٹنگ بال کے جاری مقابلہ جات کا پہلا سیمی فائنل آج گورنمنٹ ہائی سکول رندھاوا اور گورنمنٹ ہائی سکول کالا گھمیاں کے درمیان گورنمنٹ ہائی سکول رندھاوا میں کھیلا گیا اس سیمی فائنل میں گورنمنٹ ہائی سکول رندھاوا نے گورنمنٹ ہائی سکول کالا گھمیاں کو شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا میچز پر یونین کے ضلعی صدر وسیم رانا اور ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی



سیالکوٹ: ضلعی سطح کے شوٹنگ بال کے فائنل کے لیے کوالیفائی کرنے پر گورنمنٹ ہائی سکول رندھاوا کی ٹیم کے کپتان کو ضلعی صدر فٹ بال ایسوسی ایشن محمد نعمان عدیل اور ڈی ای او محمد اعظم گھمن، احمد پرویز حسین، محمد مختار محسن اور دیگر کھڑے دیکھے جا رہے ہیں

نمازوں کے اوقات

نماز فجر	6:00
نماز ظہر	1:15
نماز عصر	4:00
نماز مغرب	غروب آفتاب
نماز عشاء	7:00

شکایت سیل اور سنٹرز

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف آفیسر ڈی ایم ڈبلیو سیالکوٹ	99213100
پولیس شکایت سیل	99202977
واپڈا اطلاعات سنٹر	111000118
صدر ایسوسی ایشن فٹبال	99211022-9

کلب اینڈ ہوٹل

ایم کے	111-505-505
آواری	111-282-747
گرینڈ پلازہ	111-806-111
راس ایم	111-602-602
سن ٹورسٹ	35763813
ایبٹ روڈ سیالکوٹ	36310077
ایس ایس	36316821
ایگزیکٹو	35756692-2
لاہور جمخانہ	36660016
گورنمنٹ آفیسرز کلب	36362138
سیالکوٹ کلب	36364792
ڈاکٹر پریس کلب	

ایمرجنسی نمبرز

ایمرجنسی کنٹرول	115
پولیس	15
ریسکیو پولیس ہیلپ سنٹر	1333
فائر سروس	16
پی ڈی اے ایمبولینس	114
ریسکیو فورس	1122
ریسکیو ایمرجنسی	117
ہیلپ لائن	99212111
سرجن ہسپتال	99203402-25
ہیلپ ہسپتال	99211100-9
جنرل ہسپتال	35810891-5
گائنی ہسپتال	35863950
چلڈرن ہسپتال	11-809809
پنجاب کارڈیالوجی	99203051-6

جلد بڑی شخصیات اور الیکٹیبلز پیپلز پارٹی میں شامل ہونگے، ترجمان سندھ حکومت

آئندہ انتخابات میں پارٹی پنجاب میں مضبوط ہوکر 2029 میں سرپرائز دیگی، سعدیہ جاوید

لاہور (این این آئی) سندھ حکومت کی ترجمان سعدیہ جاوید نے دعویٰ کیا ہے کہ بہت جلد پنجاب سے کچھ بڑے سیاسی لوگ اور الیکٹیبلز پیپلز پارٹی میں شمولیت اختیار کرنے والے ہیں، کوئی بھی جماعت پنجاب میں کبھی بھی گھمبیر نہیں کر سکتی، چوہدری سالک حسین کی بھی گھمبیر نہیں ہے اگر پنجاب میں کرپشن کا دعویٰ کیا ہے تو اسے ثابت کرنا اور ثبوت پیش کرنا ہوں گے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مزید اہلی پنجاب موجودہ معاشی بحران، غیر ملکی سرمایہ کاری کی کمی اور وسائل کی کمی جیسے مسائل کے ہوتے ہوئے نہ سنگرٹریٹ، وزرائے اہلی، پیپلز سیکرٹریز، یونین رہنمائیں اور افسران کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے



لاہور: خاتون رکن پنجاب اسمبلی، اجلاس میں شرکت کیلئے آرہی ہیں

چیف جسٹس ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے 10 سال پرانی درخواست نمٹادی

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے پولیس ہراسانی کے خلاف 10 سال قبل دائر کی گئی درخواست نمٹا دی۔ درخواست گزار آسیہ اسلم نے اپنے پانچ بچوں کے ہمراہ 2016 میں پولیس ہراسانی کے خلاف درخواست دائر کی تھی۔ جس میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ ان کے خاوند کی گرفتاری کے باوجود پولیس انہیں اور ان کے بچوں کو ہراساں کر رہی ہے۔ درخواست گزار کے خاوند کے خلاف قتل کا مقدمہ درج تھا جس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس عالیہ نیلم نے کیس کی کارروائی کی۔ دوران سماعت ایس پی انویسٹی گیشن ماڈل ٹاؤن اسد علی افسران کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے

لاہور ہائیکورٹ میں خدیجہ شاہ کی درخواست پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں ڈپٹی اسٹوارڈ پی ٹی آئی کارکن خدیجہ شاہ کی درخواست پر سماعت بغیر کارروائی ملتوی کر دی گئی۔ درخواست میں ایف آئی اے سائی انٹرنیٹ آفنسز اتھارٹی کو چیلنج کیا گیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد ارشد عزیز نے کیس کی سماعت کی۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل کیپر کھوسہ عدالت میں پیش نہ ہوئے اور کیس کے التوا کی درخواست دی گئی تھی۔ عدالت نے وکیل کی عدم پیشی پر سماعت ملتوی کر دی۔ خدیجہ شاہ کو 18 ستمبر 2023 میں ایف آئی اے کی جانب سے سیشن مشکوک پیکٹ ٹرانزیکشنز کی شکایت پر تحقیقات شروع کرنے کے خلاف درخواست دائر کی تھی

خاتون پولیس افسر کیخلاف نازیبا پیغام کا الزام ثابت ہونے پر برخاست کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) خاتون پولیس افسر کے خلاف نازیبا پیغام کا الزام ثابت ہونے پر ڈی پی او پاکپتن نے خاتون افسر کو معطل کر دیا۔ سپیشل برانچ پاکپتن میں تعینات خاتون افسر کے خلاف نازیبا مواد پھیلانے اور کردار کشی کرنے والے اہلکار کی گروپ کی ایس پی افسر بشارت علی خان کو نوکری سے معطل کر دیا ہے۔ بشارت علی خان کے خلاف این سی سی آئی اے سے ملنے کا الزام ثابت ہوا تھا جس پر انہیں سی سی آئی اے نے گرفتار کیا تھا جس کے بعد اب محکمانہ کارروائی کرتے ہوئے ان کی معطلی کے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں۔

پنجاب میں شوگر ملوں کو کرشنگ سیزن 2026-27 شروع کرنے کی باضابطہ منظوری

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے صوبے بھر میں کرشنگ سیزن 2026-27 کے لیے شوگر ملوں کو کرشنگ شروع کرنے کی باضابطہ منظوری دے دی ہے۔ سیکرٹری فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیمر پروٹیکشن ڈاکٹر کنن خورشید کے مطابق شوگر کرشنگ کے آغاز کا نوٹیفکیشن محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیمر پروٹیکشن پنجاب نے 14 نومبر کو جاری کر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کرشنگ سیزن کی کوئی بھی خلاف ورزی عزت نہ پا سکے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ رمضان آٹے کی رکاوٹ دور کرنے کا حکم دیا تھا، کارروائی کورٹ نے روک دی، ہم نے کوشش کی، کیس کا فیصلہ ہمارے حق میں ہوا، ہم نے آٹا فراہم کرنا ہے

1 تجزیہ

ماہرین عالم متفق ہیں کہ علاقائی امن اور استحکام کے لئے دہشت گردی کے خاتمے کے ساتھ ساتھ افغانستان اور ایران میں امن اور استحکام کے لئے قریبی روابط اور تعاون جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

2 تجزیہ

مسٹر کلنٹن (ن) میں فارورڈ بلاک بنانے والی تجویز کا کوئی اثر نہیں ہوگا۔ پارٹی کے اندر اختلافات جمہوریت کا حسن ہوتے ہیں جو ہمیں مزید آگے لے جائیں گے۔ 70 کی دہائی میں بھی ایسا ہوا تھا۔ ہم نے ہمیشہ ہر مشکل کا مقابلہ کیا ہے۔ ہم نے ہمیشہ ہر مشکل کا مقابلہ کیا ہے۔ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے ہمیشہ ہر مشکل کا مقابلہ کیا ہے۔

بلاول سمیت سارے لیڈر بتادیں سسٹم کو کیسے ری سیٹ کریں؟ بیرسٹر گوہر

بلاول نے تسلیم کرلیا پی ٹی آئی کے بغیر بات نہیں بنے گی، یہ بھی اسٹیک ہولڈر ہیں ان کا اعتماد بحال کرنا ہوگا

عمران خان نے کہا میں انصاف مانگتا ہوں یہ ان کا حق ہے بانی نے ملک کی تینوں بڑی عدالتوں کے چیف جسٹس کو خط لکھا مطالبہ کروں گا کہ بانی اور ان کی اہلیہ کی طبی کی علاج کرائیں اور انہیں علاج پر شکایت نہ ہونے دیں

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا سسٹم کو کیسے ری سیٹ کریں؟ پر سارے ذاتی مفادات لے ڈوبے ہوئے جس نے جو قانونی مقدمات لیا، انہیں لگا ناکہ پریمیڈیا سے گفت گو میں انہوں نے تاخیر سے آیا، بلاول سمیت سارے لیڈر بتادیں کہ کیسے سسٹم کو ری سیٹ کریں، ہم سے بھی اسٹیک ہولڈر ہیں ان کا اعتماد بحال کرنا ہوگا، بلاول نے تسلیم کرلیا پی ٹی آئی کے بغیر بات نہیں بنے گی، یہ بھی اسٹیک ہولڈر ہیں ان کا اعتماد بحال کرنا ہوگا

پرائیویٹ ڈی این اے ٹیسٹ سے بچے کا نسب ختم نہیں ہوسکتا، لاہور ہائیکورٹ

آئین کے آرٹیکل 14 کے تحت عزت نفس اور آرٹیکل 9 کے تحت آزادی متخلوبہ

بغیر اجازت ڈی این اے نمونہ لینا ماں اور بچے کی پرائیویسی کی خلاف ورزی ہے، تحریری فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا ہے کہ والد کی جانب سے طبی طور پر کرایا گیا ڈی این اے فیملی عدالت کے جسٹس اسعدعلی ہاوجہ نے 7 صفحات کا فیصلہ جاری کیا۔ جسٹس راجہ رفیق نے کہا کہ فیملی عدالت کے حکم میں مداخلت کی کوئی وجہ نہیں بنتی، جسٹس راجہ رفیق نے 45 سال پاس نہ زائد عمر کی نفیر شادی شدہ خاتون کو بھی فیصلہ کے خلاف اپیل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ نمبر 34)

پی ٹی ایس پی میں 45 سال کی غیر شادی شدہ خواتین کو شامل کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کے زیر اہتمام پی ٹی ایس پی میں 45 سال یا زائد عمر کی غیر شادی شدہ خواتین کو بھی شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ چیئرمین ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد ظفر اقبال نے کہا ہے کہ ڈی ایچ اے کی ہاؤسنگ اسکیموں میں پلاٹ الاٹ کرنے کے لیے شادی شدہ ہونے کی شرط ختم کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ نمبر 34)

ہائیکورٹ کے دو رکنی بنچ کی رحیم یار خان شوگر ملز کی شوگر بیگاس قرقی کے خلاف اپیل پر ساعت سے معذرت

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بنچ نے رحیم یار خان شوگر ملز کی شوگر بیگاس قرقی کے خلاف اپیل پر ساعت سے معذرت کرتے ہوئے فائل واپس چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کو بھجوا دی۔ بنچ کے رکن جسٹس جواد ظفر نے کہا کہ ذاتی وجوہات کی بنا پر یہ کیس نہیں سن سکتا، جس کے بعد دوسری بنچ نے کیس کی فائل چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کو واپس بھجوادی جسٹس جواد ظفر کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے رحیم یار خان شوگر ملز کی اپیل (باقی صفحہ نمبر 35)

کلرسیداں پولیس کی کارروائی، 3 ملزمان گرفتار، 21 الیکٹرک سگریٹ/ ویپ، 322 فلیور/لیکوئڈ سمیت دیگر سامان برآمد

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) کلرسیداں پولیس نے الیکٹرک سگریٹ/ویپ سمگلنگ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان گرفتار کر کے 21 الیکٹرک سگریٹ/ویپ، 322 فلیور/لیکوئڈ سمیت دیگر سامان برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گرفتار ملزمان پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کرلیا، ویپ اور ای سگریٹ کے استعمال کے نقصانات کے حوالے سے تعلیمی اداروں میں (باقی صفحہ نمبر 36)

سڑک کی بندش کے باعث مشکلات کا شکار تاجروں اور کاروباری اداروں کو اہم ریلیف مل گئے

چیف کنٹرولر امتحانات (ر) کیپٹن اشرف اور اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد زکریا کرمانی کی قیادت میں وفد کے درمیان ملاقات میں طے کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے (باقی صفحہ نمبر 41)

سی ڈی اے نے آئی سی آئی کا مطالبہ تسلیم کرلیا، بلیو ایریا سروس روڈ کھولنے کا فیصلہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) کنول و دلپذیر اقتاری (سی ڈی اے) نے کاروباری برادری کے مطالبے پر بلیو ایریا سروس روڈ ابتدائی طور پر ایک ماہ کے لیے دوبارہ کھولنے پر اتفاق کرلیا ہے، مارکیٹ کی بندش کے باعث مشکلات کا شکار تاجروں اور کاروباری اداروں کو اہم ریلیف ملے گا۔ یہ فیصلہ چیئرمین سی ڈی اے نے (باقی صفحہ نمبر 41)

راولپنڈی پولیس نے 2 افراد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 2 افراد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کینٹ پولیس نے 2 افراد کو 10 لیٹر شراب اور (باقی صفحہ نمبر 37)

راولپنڈی پولیس، گجمٹی پوسٹس کے ضرر کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار کرلیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی پولیس کے ضرر کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گجمٹی پوسٹس کے کارروائی کرتے ہوئے ضرر کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے ایک پنڈی سائیڈ پر ٹریفک پولیس اہلکار کے ہمراہ دھکے کے شریفی کوشی کردیا تھا، گجمٹی پوسٹس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار (باقی صفحہ نمبر 38)

راولپنڈی پولیس نے 2 مشتبہ سپلائر گرفتار کر کے 3 کلو سے زائد منشیات برآمد کرلی

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 3 کلو سے زائد منشیات برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے منشیات سپلائر کو گرفتار کیا، ملزم کے قبضہ سے 250 گرام ہیروئن برآمد کی، دوسری کارروائی میں پولیس نے 2 افراد سے 100 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ (باقی صفحہ نمبر 39)

امریکی سائنسدانوں نے بغیر دوا یا سرجری کے گہری نیند لانے والا جدید الٹراساؤنڈ اسکن پیچ تیار کرلیا

آکسفورڈ (سٹاف رپورٹر) امریکا کی یونیورسٹی آف ٹیکساس کے انجینئرز ذہنی اضطراب کے حوالے سے ایک ایسی ایجاد کا دعویٰ کیا ہے جو بغیر دوا یا سرجری کے گہری نیند لانے کا دعویٰ کرتی ہے۔ ایک انقلابی الٹراساؤنڈ اسکن پیچ تیار کیا گیا ہے جو دماغ کی مخصوص گہری لہروں کو براہ راست متحرک کرتا ہے۔ (باقی صفحہ نمبر 40)

عمران خان کو سرجری کی ضرورت ہے تو حکومت سہولت فراہم کرے گی، رانا ثناءاللہ

پی ٹی آئی والے انتشار اور ہنگامہ آرائی چاہتے تھے ناکامی پر بات چیت پر آئے ہیں

صوبوں کا معاملہ پارلیمنٹ میں پہنچے گا جس میں زیادہ دیر نہیں، وزیر اعظم کے مشیر سیاسی امور

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ اگر آرٹیکلز کے بدولے فیصلہ کیا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سرجری کی ضرورت ہے تو حکومت سہولت فراہم کرے گی، ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والے انتشار اور ہنگامہ آرائی چاہتے تھے ناکامی پر بات چیت پر آئے ہیں، ہم نے ایجی طریقے سے معاملات طے کرنے کی کوشش کی، وہ انکاری رہے، حکومت کی پالیسی واضح ہے کہ جیلوں کو سہولت فراہم کریگی، ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی (باقی صفحہ نمبر 62)

پانچ یورپی ممالک کا غیر قانونی تارکین وطن کو فرقی ملک روانہ/منتقل کرنے کا مشترکہ فیصلہ

یورپی معردوں پر پناہ گزینوں کے بڑھتے ہوئے دباؤ کو روکنے کے لیے سخت قوانین نافذ کرنے پر اتفاق

برسلز (سٹاف رپورٹر) یورپی یونین کے پانچ اہم رکن ممالک نے غیر قانونی تارکین وطن کی آمد کو روکنے اور پناہ گزینوں کے بحران پر قابو پانے کے لیے ایک مشترکہ پالیسی کے تحت غیر قانونی تارکین کو مشترکہ افریقی ملک روانہ/منتقل کرنے کا باضابطہ فیصلہ کرلیا ہے۔ یورپی سفارتی ذرائع کے مطابق ان ممالک کے وزرائے داخلہ کے ایک ہنگامی اجلاس میں ان پانچ ممالک نے غیر قانونی طور پر یورپ داخل ہونے والے افراد کی درخواستوں کا فیصلہ روانڈا میں قائم خصوصی مراکز میں کیا جائے گا۔ حکام کا کہنا تھا کہ اس سخت اقدام کا مقصد انسانی اسمگلنگ کے نیٹ (باقی صفحہ نمبر 63)

عالمی سائنسدانوں نے دنیا کا پہلا بایونک انجینئرڈ انسانی قرنیہ تیار کرلیا

عطیہ دہندگان کی شدید قلت پر قابو پانے کے لیے لیبارٹری میں تیار کردہ مصنوعی آنکھ پردہ کامیاب

سڈنی (سٹاف رپورٹر) سڈنی یونیورسٹی اور یونائیٹڈ نیورٹی کے سائنسدانوں اور طبی ماہرین کی ایک عالمی ٹیم نے طب کی دنیا میں تاریخ رقم کرتے ہوئے لیبارٹری میں عمل طور پر بایو انجینئرڈ انسانی قرنیہ تیار کرنے میں شاندار کامیابی حاصل کرلی ہے۔ سائنسی جریدے میں شائع ہونے والی اس تحقیق کے مطابق دنیا بھر میں کروڑوں لاکھے سے زائد افراد کو کسی قرنیے کی خرابی کے باعث بینائی سے محروم ہیں اور عطیہ کیے گئے اعضا کی شدید قلت کے باعث انہیں برسوں انتظار کرنا پڑتا تھا۔ تحقیقی ٹیم کے سربراہ پروفیسر گورڈن ویس کا کہنا تھا کہ جدید طبی ڈی این اے ٹیکنالوجی اور انسانی خلیات کی مدد سے تیار کردہ یہ قرنیہ (باقی صفحہ نمبر 64)

میانوالی کے نواحی علاقہ کندیاں کے علاقے کچہ کالو میں فائرنگ سے ایک شخص قتل

میانوالی کے قلعہ کرمشاں میں موٹر سائیکل اور فوجی گاڑی کی ٹکر میں خوفناک حادثہ، 3 افراد جاں بحق

میانوالی (سٹاف رپورٹر) میانوالی کے نواحی علاقہ کندیاں کے علاقے کچہ کالو میں فائرنگ سے محمد عمران رمضان جاں بحق، واقعہ اطلاع ملنے پر تھانہ کندیاں کی پولیس موقع پر پہنچ کر قتل کی تفصیلات کے مطابق میانوالی کے قبائلی علاقے کندیاں کی سرحد پر دو قبائلی گروپوں کے درمیان دشمنی کی بنا پر جھگڑا ہوا تھا جس کے بعد فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں مقتول کی شدید (باقی صفحہ نمبر 65)

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال روڈ لاہور سے چھینا اکروٹ رادھا کشن قصور سے جاری کیا

فوری ضرورت ہے

دنیا بھر سے
ملک بھر سے

AOM NEWS TV CHANNEL

International Media Forum

Awami Mohabbat عوامی محبت

بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
کرائم رپورٹر
سٹی رپورٹر
نیوز ایجنسی
انٹرنیشنل کوارڈینیٹر
میل اور فی میل

صرف سنجیدہ افراد کیلئے

ڈیجیٹل پرنٹنگ کے لیے رابطہ کریں۔

رابطہ کریں
042-35950333, 0304-2198241, 0322-8077033,0321-6462430
Awami_mohabbat@yahoo.com info.awamimohabbat@gmail.com
www.amanimohabbat.com